بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص ا ب /س/۲/۱/۲۰۱۳ مورخہ ۲/اکتوبر ۲۰۱۷

بخدمت جناب چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ

موضوع **مشترکہ قرارداد۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۱/ستمبر ۲۰۱۷ میں مشترکہ قرارداد نمبر ۱۴۰ منجانب، عبدالمجید خان اچکزئی، رکن اسمبلی، بمراد اطلاع ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

مشترکہ قرارداد نمبر ۱۴۰

ہرگاہ کہ گزشتہ این ایف سی ایوارڈ میں صوبہ کو صرف ۱۴۰ ارب روپے فراہم کئے گئے جبکہ اس میں مختص کردہ اصل رقم کا تا حال پتہ نہیں چل سکا۔ اب جبکہ اٹھارویں آئینی ترمیم کے بعد صوبہ کیلئے جو این ایف سی ایوارڈ مرتب ہونے جارہی ہے اس میں صوبہ سے متعلق واجبات اور سینڈک، ماڑی، اوچ، پی پی ایل اور او جی ڈی سی ایل وغیرہ سے نکالی جانے والی معدنیات اور گیس میں اٹھارویں آئینی ترمیم کے تحت صوبے کا جس قدر حصہ (Share) بتایا گیا ہے۔ اس پر صوبہ کے عوام میں شکوک و شبہات پائے جانے کے ساتھ ساتھ احساس محرومی بھی پایا جاتا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ گزشتہ این ایف سی ایوارڈ میں باقی ماندہ اصل رقم کی فراہم کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ صوبہ سے نکالی جانیوالی معدینات اور گیس میں اٹھارویں آئینی ترمیم کے مطابق مرتب کی جانیوالی این ایف سی ایوارڈ میں صوبہ کو اس کا جائز حق (Due Right) فراہم کرنے کو یقینی بنانے کے سلسلے میں پی پی ایل، او جی ڈی سی ایل اور او جی ڈی سی کے حصص آئین کی آرٹیکل ۱۷۲ شق ۲ کے تحت مقررہ کرنے کیلئے مذکورہ آرٹیکل میں برابری کی ترمیم کرے اور ساتھ ہی تیل و گیس کی پیداور پر مامور پیٹرولیم ڈویژن کو ختم کرکے اُن کے بورڈ آف گورنرز اور وزارتوں میں برابری کی بنیاد پر نمائندگی دے نیز اٹھارویں آئینی ترمیم کے نتیجے میں جتنے بھی محکمے صوبہ کے سپرد/حوالے کئے گئے ہیں کے اثاثہ جات کی سپردگی کو یقینی بنائے تاکہ صوبہ کے عوام میں پائی جانیوالی احساس محرومی و شکوک و شبہات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

(رحمت اللہ خٹک)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت جناب عبدالمجید خان اچکزئی، /محرک قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۵) جناب ڈی۔ جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۶) جناب منیجنگ ڈائریکٹر پی۔ پی۔ ایل، کراچی۔
۷) جناب منیجنگ ڈائریکٹر او۔ جی۔ ڈی۔ سی۔ ایل، پاکستان، اسلام آباد۔

Scanned with CamScanner

۸) جناب سیکرٹری وزارت پٹرولیم وقدرتی وسائل، حکومت، پاکستان، اسلام آباد۔
۹) جناب سیکرٹری معدنیات، حکومت بلوچستان، کوئٹہ
۱۰) جنرل مینیجر سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ، بلوچستان، کوئٹہ
۱۱) جناب سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ
۱۲) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، سندھ۔خیبر پختونخوا۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، قانون ساز اسمبلی، گلگت بلتستان، بمقام لاہور، کراچی، پشاور، مظفر آباد اور گلگت۔
۱۳) جناب سسٹم انالسٹ برائے اندراج ویب سائٹ اسمبلی سیکرٹریٹ۔

〈 شمس الدین 〉
شریک معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner